DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

سنٹرل پنجاب نے سندھ کو ہرا کر پاکستان کپ کے فائنل میں رسائی حاصل کرلی

کراچی، 29 جنوری 2021ء:

پاکستان کپ کے پہلے سیمی فائنل میں سنٹرل پنجاب نے سندھ کو 127 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ ایونٹ کا فائنل 31 جنوری بروز اتوار کو اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

دوسرے سیمی فائنل میں ناردرن اور خیبرپختونخوا کی ٹیمیں 30 جنوری کو مدمقابل آئیں گی۔

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں 340 رنز کے تعاقب میں سندھ کی پوری ٹیم 36.5 اوورز میں 212 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ میچ کے اہم موقع پر نصف سنچری اسکور کرنے اور ایک وکٹ حاصل کرنے پر آلراؤنڈر ظفر گوہر کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں اوپنر خرم منظور اور مڈل آرڈر بیٹسمین سعد علی کے علاوہ سندھ کا کوئی بھی بلے باز زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا۔ خرم منظور 88 اور سعد علی 54 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ عمیر بن یوسف صفر، محمد حسن 9، اسد شفیق 14، دانش عزیز 5، حسان خان 15، میر حمزہ 16، محمد حسنین 5 اور محمد عمر 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

سنٹرل پنجاب کے فاسٹ باؤلر محمد علی نے 31 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ احمد بشیر اور عثمان قادر نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔ ظفر گوہر نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل سندھ کے کپتان اسد شفیق نے ٹاس جیت کر سنٹرل پنجاب کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی تو فاتح ٹیم نے مقررہ پچاس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 339 رنز بنائے۔ اوپنر رضوان حسین کی 29 گیندوں پر 5 چھکوں اور 4 چوکوں پر مشتمل 56 رنز کی اننگز نے سنٹرل پنجاب کو 87 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔ اس دوران اوپنر طیب طاہر نے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ وہ 60 رنز بنا کر نمایاں رہے۔

دونوں کھلاڑیوں کے پویلین واپس لوٹنے پر سنٹرل پنجاب کے بلے باز لمبی پارٹنرشپ لگانے میں کامیاب نہ ہوسکے تاہم ساتویں نمبر پر میدان میں اترنے والے ظفر گوہر نے 39 گیندوں پر 3 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 53 رنز اسکور کرکے ٹیم کا مجموعہ 300 کے پار لگانے میں مدد کی۔

سندھ کے حسان خان، محمد حسنین اور شاہنواز دھنی نے 2،2 وکٹیں اپنے نام کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT PAKISTAN CUP 2020-21:

- *33 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 50-over matches. For schedule, click here*

- *The event will be played under Covid-19 protocols at three venues in Karachi, namely NBP Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*

- *The Pakistan Cricket Board will broadcast 13 matches – 10 group and three knockouts from the State Bank Stadium, while the PCB's YouTube channel will relay delayed stream all across the globe.*

- *The winner of the tournament will receive PKR5million while the runner-up will collect PKR2.5million.*

- *The best performers of the tournament will equally share PKR1million amongst them and*

PKR800,000 will be distributed among 32 players who receive Man of the Match awards in group matches and semi-finals. The Player of the Final will receive PKR35,000.

- *As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click [here,](here) to read more about the three-year agreement.*